**03.08.2025**
**21.15 Hrs.**
**HL**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں اسلم بیگ
Music

.................................

☆ انتخابی کمیشن نے، RJD رہنما تیجسوی پرساد یادو سے کہا ہے کہ وہ، اُس ووٹر شناختی کارڈ کی تفصیلات پیش کریں جو انھوں نے ایک پریس کانفرنس میں دکھایا تھا۔کمیشن نے کہا ہے کہ یہ کارڈ، کمیشن کی طرف سے جاری نہیں کیا گیا ہے۔

☆ مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے ریلویز کی جدید کاری، توسیع اور حفاظت کے، حکومت کے عزم کو دوہرایا ہے۔

☆ آندھراپردیش کے باپٹلا ضلع میں، گرینائٹ کی ایک کان میں ایک چٹان گِرجانے کے سبب چھ مائیگرینٹ کارکن ہلاک ہوگئے۔

☆ جنگ سے تباہ حال غزہ میں، امن اور فوری امداد کی فراہمی کیلئے آواز اٹھاتے ہوئے سڈنی، ملبرن، کیپ ٹاؤن میں، فلسطین حامی جلسوس نکالے گئے۔

☆ روس میں پچھلے 600سال میں ایسا پہلی بار ہے کہ Krasheninnikov آتش فشاں پہاڑ پھٹا ہے، جس کی وجہ سے ہوا بازی سے متعلق اورینج وارننگ جاری کی گئی ہے۔

☆ اور کرکٹ میں، لندن میں اینڈرسن–تیندولکر ٹرافی کے آخری ٹیسٹ کے چوتھے دن، انگلینڈ نے بھارت کے خلاف اپنی گرفت مضبوط کرلی ہے۔

.................................

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

**Bihar Tejashwi Controversy**

بہار میں بھارت کے انتخابی کمیشن نے، راشٹریہ جنتا دل RJD کے رہنما تیجسوی پرساد یادو سے کہا ہے کہ وہ تفتیش کیلئے تفصیلات فراہم کریں۔ تیجسوی دو ووٹر شناختی کارڈ سے متعلق ایک تنازع میں پھنس گئے ہیں۔
دیگھا اسمبلی حلقے کے چناؤ رجسٹریشن افسر نے کہا ہے کہ جناب یادو نے کل ایک پریس کانفرنس میں جو ووٹر آئی کارڈ دکھایا تھا، وہ انتخابی کمیشن کی طرف سے جاری نہیں کیا گیا ہے۔ RJD رہنما کا نام، دیگھا اسمبلی حلقے کی چناؤ فہرست میں درج ہے۔ جناب یادو نے شناختی کارڈ کا نمبر یہ الزام لگاتے ہوئے دکھایا تھا کہ اُن کا نام چناؤ فہرست کے مسودے سے نکال دیا گیا ہے۔ البتہ پٹنہ کے ضلع انتخابی افسر و ضلع مجسٹریٹ ڈاکٹر تیاگ راجن نے

اِس دعوے کو مسترد کردیا۔ضلع انتخابی افسر نے چناوٴ فہرست کو جس میں تیجسوی یادو کا شناختی کارڈ نمبر بھی شامل تھا، عوام کے سامنے پیش کیا، جس سے اس بات کی تصدیق ہوگئی کہ تیجسوی کا نام، چناوٴ فہرست میں موجود ہے اور اُن کا پولنگ اسٹیشن بوتھ نمبر 204ہے جو بہار Animal سائنسز یونیورسٹی کی لائبریری کی عمارت میں واقع ہے۔

اس کے بعد انتخابی کمیشن نے قانون ساز اسمبلی میں اپوزیشن کے رہنما تیجسوی کو خط لکھا جس میں اُن سے درخواست کی گئی کہ وہ ضروری چھان بین کیلئے، اصل ووٹر شناختی کارڈ اور اس سے متعلق تفصیلات پیش کریں۔

تیجسوی پرساد یادو اپنے ووٹر شناختی کارڈ کے معاملے پر ایک تنازع میں پھنس گئے ہیں۔BJP اور NDA کی دیگر اتحادی پارٹیوں کے رہنماوٴں نے کہا ہے کہ تیجسوی کو، ایک فرضی ووٹر کارڈ بنوانے پر ہر حال میں جواب دینا چاہیئے۔BJP کے قومی ترجمان اجے آلوک نے مطالبہ کیا ہے کہ انتخابی کمیشن اس معاملے پر کارروائی کرے اور دو ووٹر شناختی کارڈ رکھنے پر تیجسوی یادو کے خلاف ایک کیس درج کرے۔ پٹنہ میں BJP صدر دفتر پر ایک پریس کانفرنس میں NDA کے ترجمان نے کہا کہ دو آئی کارڈس بنوانا ایک جرم ہے اور اس معاملے میں کارروائی کی جانی چاہیئے۔x

## BJP Tejashwi

بی جے پی کے ترجمان سمبت پاترا نے آج نئی دلّی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے الزام لگایا کہ RJD رہنما تیجسوی یادو نے دو ووٹر شناختی کارڈس رکھ کر ایک جرم کا ارتکاب کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ اُن کا چناوٴ ووٹر شناختی کارڈ نمبر، جس کا ذکر اُنھوں نے پریس کانفرنس میں کیا تھا، سرکاری طور پر جاری کئے گئے نمبر سے الگ ہے۔ جناب پاترا نے پوچھا کہ کیا جناب یادو نے انتخابی کمیشن کو غلط معلومات فراہم کی ہے۔ انھوں نے کہا کہ RJD رہنما نے، جو ووٹر شناختی کارڈ، اپنے 2020کے انتخابی حلف نامے میں داخل کیا تھا، کیا وہ اُس شناختی کارڈ سے الگ ہے، جس کا ذکر انھوں نے کل اِس دعوے کو پیش کرتے ہوئے کیا تھا کہ ان کا نام اُس چناوٴ فہرست سے غائب ہے، جو خصوصی تفصیلی نظرثانی SIR کے بعد تیار کی گئی ہے۔

S/B 2100 Sambit Patra

اسی دوران، RJD رہنما مرتیونجے تیواری نے الزام لگایا ہے کہ اِس تنازع کو BJP کی طرف سے ہوا دی جارہی ہے تا کہ خصوصی تفصیلی نظر ثانی میں مبینہ بدعنوانیوں کو، تیجسوی یادو کی طرف سے اٹھائے جانے کے معاملے پر سے توجہ ہٹائی جاسکے۔x

## Guj Ashwini Vaishnav

ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے ریلوے کے نیٹ ورک کو جدید طرز پر ڈھالنے اور وسعت دینے اور ریلوے میں تحفظ اور صفائی ستھرائی کو یقینی بنانے کے حکومت کے عہد کا اعادہ کیا ہے۔ وزیر موصوف، آج گجرات میں بھاوٴنگر ریلوے اسٹیشن سے بھاوٴنگر– ایودھیا کینٹ، ہفتہ وار ٹرین کو جھنڈی دکھا کر روانہ کرنے کے بعد اظہار خیال کر رہے تھے۔ اس موقع پر وزیر موصوف نے Rewa اور پونے اور جبلپور اور رائے پور کے درمیان دو دیگر

ریل گاڑیوں کا بھی افتتاح کیا۔ جناب ویشنو نے بتایا کہ ملک میں ایک ہزار 300اسٹیشنوں کو پھر سے بہتر بنایا جانا، دنیا میں اب تک کا اسٹیشنوں کو پھر سے بہتر بنایا جانے والا سب سے بڑا پروجیکٹ ہے۔

S/B: Final- Ashwini Vaishnav

## Raipur Jabalpur New Expr Train

چھتیس گڑھ کے وزیر اعلیٰ وشنو دیو سائی اور اسمبلی اسپیکر ڈاکٹر رمن سنگھ نے راجدھانی رائے پور کے ریلوے اسٹیشن سے رائے پور–جبلپور نیو ایکسپریس ٹرین کو آج جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ مرکزی وزیر اشونی ویشنو اور منسکھ مانڈویا اور مدھیہ پردیش کے وزیر اعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو، اِس پروگرام میں ورچوئل طریقے سے شامل ہوئے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ گزشتہ ایک دہائی میں چھتیس گڑھ کے ریلوے بجٹ میں 21 گنا اضافہ کیا گیا ہے اور اس سال 6ہزار 900 کروڑ روپے موصول ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چھتیس گڑھ میں 47ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کی لاگت سے ریلوے پروجیکٹوں کو عملی جامہ پہنایا جا رہا ہے۔ x

## Andhra Migrant Killed

آندھرا پردیش کے ضلع Bapatla کے علاقے Ballikurava میں آج گرینائٹ کی ایک کان میں حادثے کے دوران چھ مائیگرینٹ مزدور ہلاک اور تین زخمی ہوگئے۔ یہ مزور کانکنی میں مصروف تھے کہ یہ حادثہ پیش آیا۔ ان لوگوں پر ایک بڑا گرینائٹ آ گرا۔ زخمیوں کو Narasaraopet کے ایک اسپتال میں داخل کرا دیا گیا ہے۔ حادثے کے وقت کان میں کم سے کم 16مزدر موجود تھے۔وزیر اعلیٰ چندر بابو نائیڈو نے اس حادثے پر دُکھ کا اظہار کیا ہے اور فوری راحت فراہم کرنے اور شدید طور پر زخمی ہونے والے افراد کی طبی دیکھ بھال کا حکم دیا ہے۔سبھی متاثرین اڈیشہ کے ہیں اور پولیس کو شبہ ہے یہ چٹّان، پانی کے رساؤ کی وجہ سے ڈھ گئی ہوگی۔ جناب نائیڈو نے حادثے کی وجوہات کا پتہ لگانے کیلئے تحقیقات کا حکم دے دیا ہے۔x

## UP Accident

اترپردیش کے گونڈا میں آج صبح ایک سڑک حادثے میں کم از کم 11افراد کی موت ہوگئی، جبکہ 4زخمی ہوئے۔ پولیس کے مطابق 15عقیدتمندوں کو لے جانے والی ایک Bolero گاڑی پرتھوی ناتھ مندر جارہی تھی، جو کنٹرول سے باہر ہوکر Saryu کینال برج کے نزدیک نہر میں جا گری۔ یہ حادثہ Rehra گاؤں میں پیش آیا۔ گونڈا کے SP وِنیت جیسوال نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے، اِس بات کی تصدیق کی ہے کہ نہر سے 11لاشیں نکال لی گئی ہیں۔

SB - 1400 - Vineet Jaiswal SP Gonda

وزیر اعظم نریندر مودی نے حادثے میں ہونے والے جانی نقصان پر دُکھ کا اظہار کیا ہے۔ جناب مودی نے وزیر اعظم کے قومی امدادی فنڈ سے مہلوکین کے لواحقین کو دو دو لاکھ روپے دیئے جانے کا اعلان کیا ہے۔ انہوں

نے کہا کہ زخمیوں کو پچاس پچاس ہزار روپے دیئے جائیں گے۔ریاست کے وزیرِ اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے بھی اِس حادثے پر رنج و غم کا اظہار کیا ہے اور مرنے والوں کے لواحقین کیلئے پانچ - پانچ لاکھ روپے کی امداد کا اعلان کیا ہے۔ x

## J&K Operation

جموں وکشمیر میں فوج، J&K پولیس اور CRPF نے، جنوبی کشمیر کے کُلگام ضلع کے Akhal Devsar علاقے میں جمعہ کے روز سے، ایک مشترکہ کارروائی شروع کی ہوئی ہے۔ حفاظتی دستوں کی ان ایجنسیوں نے اُن خدشے والی جگہوں کے آس پاس سکیورٹی سخت کردی ہے، جہاں دہشت گردوں کے چھپے ہونے کا اندیشہ ہے اور ان کی تعداد بھی معلوم نہیں ہے۔انھوں نے بتایا کہ نگرانی کے، اعلیٰ تکنیک والے آلات سے لیس، اعلیٰ درجے کے اِن نیم فوجی دستوں کو کارروائی میں مدد کیلئے تعینات کیا گیا ہے۔

سینئر پولیس اور فوجی افسران، حقیقی صورتحال پر قریبی نظر رکھے ہوئے ہیں۔ پولیس افسران نے بتایا کہ دونوں طرف سے رُک رُک کر فائرنگ کا سلسلہ جاری ہے۔ اور محاصرے میں اضافہ کرکے اِسے متصل گاؤں تک توسیع دے دی گئی ہے۔ انھوں نے بتایا کہ گھنے Akhal جنگلوں میں کل ساری رات فائرنگ جاری رہی، جس کے نتیجے میں ابھی تک تین دہشت گرد ہلاک ہوئے ہیں جن کی شناخت ابھی تک نہیں کی جاسکی ہے اِس جھڑپ میں ایک فوجی زخمی بھی ہوا ہے۔تفصیلات کا انتظار ہے۔

## PM Kandla DORT

دین دیال پورٹ اتھارٹی، کاندلا نے ماحول کیلئے سازگار ملک کے پہلے ہائیڈروجن پلانٹ کو اپنے کام کاج میں شامل کیا ہے، جسے ملک میں ہی تیار کیا گیا ہے۔ پورٹ اتھارٹی نے کہا کہ یہ مضرِ صحت گیسوں کے اخراج کو مکمل طور پر ختم کرنے کے وزیر اعظم نریندر مودی کے نظریے کی سمت ایک اہم قدم ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ یہ ایک قابل ستائش کوشش ہے جس سے پائیداری میں اضافہ ہوتا ہے اور مضرِ صحت گیسوں کے اخراج کے مکمل خاتمے کے ویژن کو تقویت ملتی ہے۔ x

## Mumbai Hydroponic Weed Seizes

ممبئی کے کسٹمز حکمراں نے آج 14 کلو گرام سے زیادہ گھاس، Hydroponic Weed ضبط کی ہے۔ جس کی قیمت تقریباً 14 کروڑ 73لاکھ روپئے ہے۔ یہ گھاس ممبئی کے چھترپتی شیواجی مہاراج بین الاقوامی ہوائی اڈّے پر ضبط کی گئی ہے۔ افسران نے بینکاک سے آئے ہوئے ایک مسافر کو روکا جس کے پاس سے یہ گھاس برآمد ہوئی۔ مسافر نے تلاشی سے بچنے کی کوشش میں اس کھیپ کو، قومی سلامتی سے متعلق رازدارانہ سفارتی سامان بتایا۔ اس کے تھیلے میں نشیلی اشیا اور جرائم سے متعلق، اقوام متحدہ کے دفتر کی مختلف قسم کی رپورٹوں اور انتہائی رازدارانہ مشن کی فرضی رپورٹوں کی نقلیں بھی برآمد ہوئی ہیں جو ایک ٹرالی بیگ کے اندر چھپا کر رکھی گئی تھیں۔x

### I Day Delhi Police

یومِ آزادی کی تقریبات سے قبل دلّی پولیس نے شہر میں احتیاطی سکیورٹی اقدامات کوملحوظِ خاطر رکھتے ہوئے، قومی راجدھانی میں اِس مہینے کی 16 تاریخ تک Sub-conventional Aerial Platforms کی پرواز کوممنوع قرار دیا ہے۔ اِس سلسلے میں دلّی کے پولیس کمشنر SBK Singh نے ایک حکم نامہ جاری کیا ہے۔ اِن میں پیرا گلائیڈرس، پیرا موٹرس، Hang Gliders، ڈرون، Quadcopters یا ہوائی جہاز سے Para-Jumping شامل ہے۔ مذکورہ حکم نامے میں کہا گیا ہے کہ اِس طرح کی اطلاع ہے کہ بعض مجرمانہ اور سماج دشمن عناصر یا بھارت کے خلاف کام کرنے والے دہشت گرد اِس طرح کے وسیلے استعمال کرسکتے ہیں، جن سے عام لوگوں، ممتاز شخصیات اور اہم تنصیبات کو خطرہ پیدا ہوسکتا ہے۔ x

### Rev Pro Palestinian Protests

غزہ میں جاری جنگ اور بھکمری کے خلاف آج دنیا بھر میں فلسطینیوں کی حمایت میں زبردست احتجاج ہوئے۔ سڈنی میں ہزاروں لوگوں نے فلسطین کے ساتھ یکجہتی کا مظاہرہ کرنے کیلئے Harbour Bridge پر مارچ کیا۔ اِن لوگوں میں Wiki Leaks کے بانی Julian Assange ، سڈنی کے لارڈ میئر Clover Moore اور ریٹائرڈ فٹبال کھلاڑی Craig Foster شامل تھے۔ ملبورن میں 25ہزار لوگ اِسی طرح کے جلوس میں شامل ہوئے۔ یہ احتجاج فلسطین کو باضابطہ طور پرتسلیم کئے جانے کیلئے عالمی سطح پر بڑھتے مطالبے کے بعد ہوئے ہیں۔ جولائی کے اواخر میں آسٹریلیا سمیت 15 ملکوں نے باضابطہ طور پر فلسطین کوتسلیم کئے جانے پر زور دیا تھا، جبکہ فرانس ستمبر میں اقوامِ متحدہ میں ایسا کرنے کا منصوبہ بنا رہا ہے۔

اُدھر کیپ ٹاؤن میں Mothers4Gaza موومنٹ سے تعلق رکھنے والی جنوبی افریقہ کی خواتین نے خاموش احتجاج کیا، جس میں غزہ میں انسانوں کو درپیش بحران کی مذمت کی گئی۔ وہ اپنے ہاتھوں میں بھوک سے بد حال بچوں کی تصویریں لئے ہوئے تھیں اور انھوں نے بقول اُن کے نسل کشی کو ختم کیے جانے کا مطالبہ کیا۔ x

### Philippines President

فلپینز کے صدر Ferdinand R. Marcos Junior بھارت کے پانچ روزہ سرکاری دورے پر کل دوپہر نئی دلّی پہنچیں گے۔ ان کے ہمراہ خاتون اوّل Marcos Louise Araneta اور اعلیٰ سطح کا ایک وفد بھی ہوگا جس میں بہت سے کابینی وزیر، دیگر شخصیتیں اور سینئر افسران شامل ہیں۔ اس کے علاوہ اُن کے ساتھ تجارتی نمائندگان بھی ہوں گے۔ جب سے جناب مارکوز نے فلپینز کے صدر کا عہدہ سنبھالا ہے یہ اُن کا بھارت کا پہلا دورہ ہے۔

اِس دورے میں وزیر اعظم نریندر مودی اور صدر مارکوز، منگل کو دوطرفہ مذاکرات کریں گے۔ صدر مارکوز، صدر جمہوریہ دروپدی مرمو سے بھی ملاقات کریں گے۔ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جئے شنکر، صدر مارکوز سے ملاقات کریں گے۔ صدر مارکوز بینگلورو کا دورہ بھی کریں گے۔ بھارت اور فلپینز کے درمیان سفارتی رشتے نومبر 1949 میں قائم ہوئے تھے، تبھی سے دونوں ملکوں نے مختلف میدانوں میں مضبوط شراکت داری کو فروغ دیا۔ اِن میدانوں میں تجارت وسرمایہ

کاری، دفاع اور سکیورٹی، بحری تعاون، زراعت، حفظانِ صحت، دوا سازی اور ڈیجیٹل ٹیکنالوجیز شامل ہیں۔

دونوں ملکوں کے درمیان علاقائی سطح پر بھی قریبی سرگرمیاں رہیں جن میں آسیان کے ساتھ بھارت کی جامع اہم شراکت داری بھی شامل ہیں۔ فلپینز کے ساتھ بھارت کے تعلقات، مشرق نواز پالیسی، وژن مہاساگر اور بھارت–بحرالکاہل کے خاکے کا ایک اہم ستون ہیں۔صدر مارکوز یہ سرکاری دورہ، بھارت–فلپینز سفارتی تعلقات کے 75سال پورے ہونے کے موقع پر کر رہے ہیں۔یہ دورہ دونوں رہنماؤں کیلئے ایک موقع ہے کہ وہ مستقبل کے دوطرفہ تعاون کیلئے راہ ہموار کریں اور باہمی مفاد کے علاقائی اور بین الاقوامی معاملات کیلئے سرگرم ہوں۔x

## Volcano Kamchatka

روس کے Kamchatka جزیرہ نما میں آج چھ سو سال میں پہلی بار Krasheninnikov آتش فشاں پھوٹ پڑا۔ مقامی حکام نے بتایا ہے کہ مقامی وقت کے مطابق رات 2بج کر 50منٹ پر یہ شروع ہوا اور سمندر کی سطح سے چار کلو میٹر اوپر تک راکھ اڑنے لگی۔ آتش فشاں کی وجہ سے ہوا بازی سے متعلق Orange وارننگ جاری کی گئی ہے کیونکہ اِس سے ہوائی جہازوں کو خطرہ لاحق ہے۔ آتش فشاں کا پھوٹنا، آٹھ اعشاریہ 7شدت کا شدید زلزلے کے سبب ہوسکتا ہے، جو اِس ہفتے کے شروع میں خطے میں آیا تھا اور جس کے بعد سونامی کی وارننگ بھی جاری کی گئی تھی۔ x

## Cricket Ind Eng Test

کرکٹ میں، لندن میں Oval کے مقام پر بھارت اور انگلینڈ کے درمیان جاری پانچویں اور آخری ٹیسٹ کے چوتھے دن میزبان انگلینڈ نے بھارت کی جانب سے رکھے گئے 374رن کے نشانے کا تعاقب کرتے ہوئے اب سے کچھ دیر پہلے تک 5وکٹ پر 331رن بنا لئے تھے۔لنچ کے وقت تک انگلینڈ نے 3وکٹ پر 164رن بنائے تھے۔ آج Ben Duckett، 54 رن پر اور Ollie Pope، 27 رن پر آؤٹ ہوگئے۔

محمد سراج نے اب تک دو وکٹ، جبکہ Prashid کرشنا نے ایک وکٹ لیا ہے۔کل میچ کے تیسرے دن محمد سراج نے آخری گیند پر Zak Crawley کو آؤٹ کیا تھا۔ انگلینڈ نے آج اپنے کل کے اسکور ایک وکٹ پر 50رن سے آگے کھیلنا شروع کیا ہے۔اس سے پہلے بھارت نے اپنی دوسری اننگز میں شاندار 396رن بنائے۔ Yashasvi جیسوال نے 118رن بنائے، جبکہ آکاش دیپ، رویندر جڈیجہ اور واشنگٹن سُندر نے نصف سنچریاں بنائیں۔ انگلینڈ کو پانچ میچوں کی سیریز میں دو–ایک کی سبقت حاصل ہے۔ x

☆☆☆☆☆☆